PRESS RELEASE

# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## پریس ریلیز

مورخہ: 22نومبر 2025ء

خیبر پختونخوا اور پنجاب کے متعدد انتخابی حلقوں میں کل منعقد ہونے والے ضمنی انتخابات کے تناظر میں الیکشن کمیشن آف پاکستان نے ذرائع ابلاغ کے لیے ضابطہ اخلاق جاری کر دیا ہے۔ کمیشن نے واضح کیا ہے کہ کوئی بھی میڈیا ادارہ پولنگ اسٹیشن کے غیر سرکاری نتائج پولنگ کے اختتام کے کم از کم ایک گھنٹے بعد سے نشر کرے گا، اور ایسے نتائج کی اشاعت / نشر کے ہمراہ یہ واضح ہو گا کہ یہ نتائج غیر حتمی اور جزوی ہیں۔ نشریاتی اداروں کو متنبہ کیا جاتا ہے کہ ان ہدایات کی خلاف ورزی کی صورت میں کمیشن متعلقہ حکام سے مناسب تادیبی کارروائی کے لیے لازماً رجوع کرے گا۔ مزید برآں، کمیشن نے یہ بھی فیصلہ کیا ہے کہ کسی بھی حلقے کا حتمی اور سرکاری نتیجہ صرف متعلقہ ریٹرننگ آفیسر ہی جاری کرنے کا مجاز ہو گا۔

ترجمان الیکشن کمیشن

*Office Telephone:* (+92)(51) (9205611)
*Fax:* (+92)(51) (9205300)
*Address:*
Election Commission Of Pakistan Secretariat, Election House,
Constitution Avenue, G-5/2, Islamabad

*Free, Fair, Transparent & Inclusive Elections*
MEDIA COORDINATION
& OUTREACH WING